# 13-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔حیدرآباد کے تاج کرشنا ہوٹل میں آج موسی ریورفرنٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ کے زیراہتمام موسی ۔اِن وائٹس ۔پروگرام منعقد کیا جارہاہے۔اس پروگرام میں وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی بطور مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔

۲۔ریاست سے چلنے والی تین اسپیشل ٹرینوں کو ریگولر سرویس میں تبدیل کرنے پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے خوشی کا اظہار کیا۔

۳۔سابق وزیر ہریش راؤ نے خیرت آباد کے رکن اسمبلی دانم ناگیندر کے معاملے میں اسپیکر کی جانب سے دی گئی کلین چٹ پر کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی کو ایک کھلا خط لکھا۔

اور

۴۔ریاست میں انٹرمیڈیٹ امتحانات آج ختم ہو گئے۔آج ہونے والے دوسرے سال کے کیمسٹری اور کامرس کے امتحانات میں 97.09 فیصد حاضری ریکارڈ کی گئی۔

## Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ اپوزیشن جماعتیں موسیٰ ندی کی صفائی و بحالی کے معاملہ میں غیر ضروری سیاست کر رہے ہیں۔حیدرآباد میں انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے موسیٰ ندی کے پروجیکٹ کے بارے میں کی جانے والی غلط تشہیر کی مذمت کی۔انہوں نے ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کا اپوزیشن پر الزام عائد لگایا۔انہوں نے کہا کہ بابوگھاٹ کے معاملہ میں کی جانے والی تشہیر میں بھی سچائی نہیں ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ موسیٰ ندی کی صفائی کے بارے میں حکومت کے منصوبہ کو آج شام پاور پوائنٹ پرزنٹیشن کے ذریعہ پیش کیا جائے گا۔ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ گزشتہ دس

سالوں میں موسیٰ ندی کو نظر انداز کرنے والی بی آر ایس کو پروجیکٹ کے بارے میں بات کرنے کا کوئی اخلاقی حق نہیں بنتا۔

National Women's Commission Chairperson

قومی ویمن کمیشن کی چیر پرسن وجیا رہٹکر نے خواتین کے تحفظ کیلئے تلنگانہ پولیس کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کی ستائش کی۔ انہوں نے میڑچل۔ ملکا جگری پولیس کمشنریٹ میں منعقد کئے گئے مہیلا جنا سنوائی پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے متاثرین سے تقریباً 35 شکایتوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گھریلو تشدد اور سائبر جرائم پر فوری تحقیقات کرتے ہوئے متاثرین کو انصاف فراہم کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے خواتین سے متعلق قوانین کو موثر طریقہ سے عمل کرتے ہوئے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے تال میل سے کام کرنے پر زور دیا۔ اس پروگرام میں ڈی جی پی شیودھر ریڈی، سی پی اویناش موہنتی اور دیگر نے شرکت کی۔

Traffic Diversions

حیدرآباد کے علاقے اشوک نگر اور مشیر آباد کے اطراف حسین ساگر نالا پل کی مسماری اور دوبارہ تعمیر کے کاموں کے پیش نظر آج سے ٹریفک کی تبدیلیاں نافذ کی جارہی ہیں۔ یہ بات جوائنٹ پولیس کمشنر جوئیل ڈیوس نے بتائی۔ ان کے مطابق آرٹی سی کراس روڈس اور حمایت نگر سے اندرا پارک جانے والے گاڑیوں کو اشوک نگر ایکس روڈ پر موڑ دیا جائے گا۔ وہاں سے وہ سب رجسٹرار دفتر، باکرم برج اور بنڈہ مائی سماں کے راستے اپنی منزل تک پہنچ سکتے ہیں۔ حکام نے کہا ہے کہ خاص طور پر اشوک نگر اور اسٹیل برج کے ستونوں کے قریب ٹریفک کا دباؤ بڑھنے کا امکان ہے، لہٰذا شہریوں سے تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔ ہنگامی مدد کے لیے ٹریفک ہیلپ لائن نمبر: 9010203626 پر ربط پیدا کریں۔

## Kamareddy MLA

کاماریڈی کے رکن اسمبلی کے وینکٹ رمنا ریڈی نے نئی دہلی میں مرکزی وزیر برائے شہری ہوابازی رام موہن نائیڈو سے ملاقات کر کے ایک یادداشت پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے کاماریڈی ضلع میں فلائنگ اکیڈمی قائم کرنے کی درخواست کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ کاماریڈی ضلع ریاستی دارالحکومت حیدرآباد سے کم فاصلے پر واقع ہے اور یہاں قومی شاہراہ اور ریلوے اسٹیشن جیسی سہولتیں بھی دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ سرکاری زمین بھی وافر مقدار میں موجود ہے، جس کی وجہ سے فلائنگ اکیڈمی کے قیام کے لیے یہ علاقہ موزوں ہے۔ رکن اسمبلی نے امید ظاہر کی کہ اس اکیڈمی کے قیام سے نہ صرف کاماریڈی ضلع کی ترقی کو فروغ ملے گا بلکہ مقامی نوجوانوں کو پائلٹ کی تربیت حاصل ہوگی اور روزگار کے مواقع بھی بڑھیں گے۔

## Harish Rao

سابق وزیر ہریش راؤ نے خیرت آباد کے رکن اسمبلی دانم ناگیندر کے معاملے میں اسپیکر کی جانب سے دی گئی کلین چٹ پر کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی کو ایک کھلا خط لکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ راہل گاندھی نے اپنے انتخابی منشور میں آئین کے تحفظ اور پارٹی تبدیلیوں کو روکنے کا وعدہ کیا تھا، لیکن تلنگانہ میں اس کے برعکس رویہ اختیار کیا جا رہا ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہوتے ہوئے بھی دانم ناگیندر نے کانگریس کی جانب سے لوک سبھا انتخابات میں مقابلہ کیا، اس کے باوجود یہ کہنا کہ انہوں نے پارٹی نہیں بدلی، آئینی اخلاقیات کے خلاف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جو شخص ایک پارٹی کے نشان پر منتخب ہوا ہو اور بعد میں دوسری پارٹی سے بی فارم حاصل کرے، اس سے بڑی دلیل اور کیا ہو سکتی ہے۔ ہریش راؤ نے راہل گاندھی سے مطالبہ کیا کہ وہ واضح کریں کہ آیا وہ اس معاملے میں اسپیکر کے فیصلے کی حمایت کرتے ہیں یا پھر کارروائی کے احکامات جاری کریں گے۔

## NIFT

حیدرآباد کے نِفٹ کیمپس میں کرافٹ اسکیپ ہستا کلا مہوتسو 2026 کے عنوان سے تین روزہ آرٹیزن آگاہی ورکشاپ اور کرافٹ بازار کا شاندار آغاز ہوا۔ سائبرآباد میونسپل کمشنر سرجنا گملا نے اس پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سرجنا گملا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ثقافتی وراثت کے تحفظ میں دستکاریوں کا اہم کردار ہوتا ہے۔ منتظمین کے مطابق 14 تاریخ تک جاری رہنے والے اس پروگرام میں مختلف فنکار اپنی تیار کردہ مصنوعات کی نمائش کریں گے۔ نِفٹ انتظامیہ نے بتایا کہ اس تقریب کا بنیادی مقصد فنکاروں کو بازار کے مواقع فراہم کرنا اور طلبہ کو ہندوستانی دستکاریوں کی مختلف اقسام سے آگاہ کرنا ہے۔

## MUSI INVITES

حیدرآباد کے تاج کرشنا ہوٹل میں آج موسی ریورفرنٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ کے زیراہتمام موسی ۔ اِن وائٹس ۔ پروگرام منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس پروگرام میں وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی بطور مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔ اس موقع پر ارکانِ پارلیمنٹ، ایم ایل سیز، ایم ایل ایز، مختلف سیاسی جماعتوں کے قائدین، ماحولیاتی ماہرین اور دیگر شرکت کریں گے۔ حکومت اس پروگرام کے دوران دریائے موسی کی بحالی اور ریورفرنٹ کی ترقی سے متعلق مجوزہ منصوبوں کو پیش کرے گی۔ اس کے علاوہ صاف پانی کی فراہمی، ماحولیات کے تحفظ اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی سے متعلق پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعے تفصیلات پیش کی جائیں گی۔ حکومت نے اس منصوبے کے تحت پہلے مرحلے میں گاندھی سروور کے کام شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

## Industry Interaction Meet

حیدرآباد میں سی ایس آئی آر۔انڈین انسٹی ٹیوٹ آف کیمیکل ٹیکنالوجی کے زیرِ اہتمام ''انڈسٹری انٹریکشن میٹ'' کے عنوان سے ایک روزہ ورکشاپ منعقد کی گئی۔اس پروگرام میں سی ایس آئی آر۔آئی آئی سی ٹی کے ڈائرکٹر ڈاکٹر سرینواس ریڈی، لگھو اُدیوگ بھارتی کے آل انڈیا ایگزیکٹو ممبر انیل کمار اور سی ایس آئی آر کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر پروین سمیت دیگر ماہرین نے شرکت کی۔اس موقع پر ڈائرکٹر ڈاکٹر سرینواس ریڈی نے خطاب کرتے ہوئے سی ایس آئی آر کی پیش رفت، فراہم کی جانے والی خدمات اور حاصل کردہ کامیابیوں کے بارے میں تفصیل پیش کی۔انہوں نے بتایا کہ ایم ایس ایم ای اداروں کے لیے ''ٹیکنالوجی ٹرانسفر فیسیلیٹی سینٹر'' کے نام سے ایک خصوصی نظام تیار کیا جارہا ہے اور صنعتوں کو اس سے فائدہ اٹھانے کی تجویز دی۔انہوں نے مزید کہا کہ حیدرآباد میں قائم بائیوگیس ٹیکنالوجی مثبت نتائج دے رہی ہے۔ان کے مطابق ایک ٹن غذائی فضلہ سے تیار ہونے والی بائیوگیس چار ایل پی جی سلنڈروں کے برابر ہوتی ہے، جبکہ ایک ٹن کے فضلہ سے تیار ہونے والی بائیوگیس تقریباً ڈیڑھ ایل پی جی سلنڈر کے برابر ہوتی ہے۔

Sound Byte Srinvas Reddy

اس اجلاس میں ٹیکنالوجی لائسنسنگ، کنسلٹنسی، پائلٹ اسکیل ڈیمانسٹریشن اور مشترکہ تحقیق جیسے مختلف موضوعات پر ماہرین نے تفصیلی روشنی ڈالی۔کیمیکلز، ادویات، پولیمرز، فوڈ پروسیسنگ، توانائی اور ماحولیات کے شعبوں سے تقریباً 75 مائیکرو، اسمال اور میڈیم انڈسٹریز کے کاروباری افراد نے اس ورکشاپ میں حصہ لیا۔

## Review Meeting

ریاست میں ایل پی جی کے ذخائر، گیس صارفین کو سپلائی اور موجودہ صورتحال پر آج سکریٹریٹ میں ریاستی چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے نمائندوں اور محکمہ سول سپلائیز کے

عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اجلاس میں ریاست بھر میں ایل پی جی گیس کی سپلائی، ذخائر، نقل وحمل کے نظام اور مستقبل کی ضروریات جیسے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر چیف سکریٹری نے ہدایت دی کہ گھریلو صارفین کو ایل پی جی سلنڈروں کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے،اس کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لینے، بلیک مارکیٹنگ کو روکنے اور ڈسٹری بیوٹرز وایجنسیوں کے پاس پولیس نگرانی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت دی۔حکام نے بتایا کہ اس وقت ریاست میں ایک کروڑ انتیس لاکھ گھریلو صارفین کے پاس گیس کنکشن موجود ہیں اور موجودہ طلب کو پورا کرنے کے لیے مناسب ذخائر بھی دستیاب ہیں۔

## Governor – Examinations

ریاست کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے دسویں جماعت کے امتحانات میں شرکت کرنے والے طلبہ کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ امتحانات کو دباؤ کے طور پر نہ لیں بلکہ اسے اپنے علم اور صلاحیتوں کو ظاہر کرنے کے ایک بہترین موقع کے طور پر دیکھیں۔انہوں نے کہا کہ طلبہ کو اعتماد اور مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔گورنر نے مزید کہا کہ امتحانات کے دوران پرسکون رہیں، وقت کا درست استعمال کریں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔ان کے مطابق خوداعتمادی ہی کامیابی کی اصل کنجی ہے۔

## Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے واضح کیا ہے کہ ریاست میں ایل پی جی گیس کی قلت کے بارے میں پھیلائی جارہی خبروں میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ عوام میں بے بنیاد افواہیں پھیلا کر الجھن پیدا کرنے والی مہم پر نظر رکھیں اور ایسے پروپیگنڈے کو روکنے کے لیے چوکس رہیں۔ریاست میں ایل پی جی گیس کی سپلائی کے بارے میں صارفین میں پیدا ہونے

والی الجھن کے پیش نظر وزیر اتم کمار ریڈی نے آج سکریٹریٹ میں وزیر تملا ناگیشور راؤ کے ساتھ مل کر ضلع کلکٹرس، ایس پیز اور پولیس کمشنروں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ اس موقع پر وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ ایل پی جی گیس کی فراہمی کے بارے میں کسی قسم کی تشویش کی ضرورت نہیں ہے اور گھریلو صارفین کو مناسب مقدار میں گیس فراہم کی جائے گی۔

Minister Seethakka

مرکزی وزیر سی آر پٹیل نے آج ریاستی وزرا کے ساتھ ''جل جیون مشن'' کے موضوع پر ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ اس میں ریاستی پنچایت راج اور دیہی ترقی کی وزیر سیتا اکا نے پرجا بھون سے حصہ لیا۔ اس موقع پر سیتا اکا نے کہا کہ ہر گھر کو محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ریاستی حکومت نے مرکزی حکومت کو تجاویز ارسال کی ہیں اور اس مقصد کے حصول کے لیے ضروری فنڈز مختص کرنے کی درخواست کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تلنگانہ حکومت نے اربوں روپے خرچ کر کے ہر گھر تک صاف پانی پہنچانے کی کوششیں جاری رکھی ہوئی ہیں۔

Final Day of Intermediate Exams

ریاست میں انٹرمیڈیٹ امتحانات آج ختم ہو گئے۔ آج ہونے والے دوسرے سال کے کیمسٹری اور کامرس کے امتحانات میں 97.09 فیصد حاضری ریکارڈ کی گئی۔ جملہ 4 لاکھ 51 ہزار 711 طلبہ میں سے، 4 لاکھ 38 ہزار 506 طلبہ نے امتحانات میں حصہ لیا۔ اس دوران چھ نقل نویسی کے معاملات درج کیے گئے، جن میں سے تین ورنگل ضلع میں اور تین جنگاؤں ضلع میں ریکارڈ کیے گئے، انٹر بورڈ کے سیکریٹری نے یہ بات بتائی۔

Supreme Court

تلنگانہ ہائی کورٹ کی جانب سے فلم ٹکٹوں کی قیمتیں بڑھانے کے لیے 90 دن پہلے اجازت لینے کے ضابطے پر سپریم کورٹ نے اسٹے جاری کر دیا ہے۔ٹالی ووڈ کے پروڈیوسرز کی دائر کردہ درخواست پر سماعت کے بعد عدلیہ نے پرانے طریقہ کار کے مطابق قیمتیں بڑھانے کی منظوری دے دی ہے۔اس اہم فیصلے کے بعد جلد ریلیز ہونے والی بڑی فلموں کے پریمیر شوز کے لیے ٹکٹوں کی قیمتیں بڑھانے کا راستہ آسان ہو گیا ہے۔

Jupally Krishna Rao

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ حکومت کی فلاحی اسکیموں کی عمل آوری میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔محبوب نگر ضلع کے جڈ چرلہ میونسپلٹی کے نئی عمارت کا مقامی رکن اسمبلی انیرودھ ریڈی کے ساتھ مل کر افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے بات کی۔

Sound Byte Jupally

اور دوسری طرف ناگر کرنول ضلع کے ملاچنتالا پلی گاؤں میں اراضیات کے ری سروے پر ایک شعور بیداری پروگرام میں انہوں نے شرکت کی۔

SSC Exam

ریاست بھر میں کل سے دسویں جماعت کے سالانہ امتحانات کا آغاز ہوگا۔اس ضمن میں ریاست کے تمام اضلاع میں امتحانات کے پرامن انعقاد کیلئے عہدیداروں کی جانب سے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔ریاست بھر میں دو ہزار 676 امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔پانچ لاکھ 28 ہزار 239 طلبہ امتحانات میں شرکت کریں گے۔امتحانات میں شرکت کرنے والے طلبہ کو امتحان کے وقت کے پانچ منٹ بعد بھی شرکت کی اجازت دینے کا عہدیداروں نے اعلان کیا۔

Kishan Reddy

ریاست سے چلنے والی تین خصوصی ٹرینوں کو ریگولر سروس میں تبدیل کرنے کے انڈین ریلوے کے فیصلے پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے خوشی کا اظہار کیا اور وزیر اعظم نریندر مودی اور ریلوے وزیر اشونی ویشنو کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت تلنگانہ میں ریلوے کے ترقیاتی کاموں اور مسافروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہی ہے۔ کشن ریڈی نے بتایا کہ 2014 سے اب تک تلنگانہ ریاست کے لیے 36,286 کروڑ روپے کا ریلوے بجٹ مختص کیا گیا ہے اور اس وقت ریاست میں 47,984 کروڑ روپے مالیت کے ریلوے منصوبے جاری ہیں۔ مزید 2,668 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے ریاست بھر کے 40 ریلوے اسٹیشنوں کو جدید سہولیات کے ساتھ ''امرت بھارت'' ریلوے اسٹیشنس کے طور پر ترقی دی جا رہی ہے۔

OO